© rasailojaraid.com

**ماہنامہ ہمقدم** | مدیر: ریاض محمود و معاونین - اشاعت اپریل ۱۹۸۸ء قیمت: -/۴ روپے

پتہ: ۱- اے ذیلدار پارک روڈ، اچھرہ، لاہور - پوسٹل کوڈ نمبر ۵۴۶۰۶

یہ ایک خاص نمبر ہے - اسے پڑھ کر یہ حقیقت آشکار ہوتی ہے کہ اسلامی جمعیت طلبہ جس کا کوئی مقصد اس کے سوا نہیں کہ نظامِ تعلیم اسلامی بنیادوں پر صحیح شکل میں استوار ہو، اور حکومت و معاشرہ دونوں کی سطح پر اسلام کے اُصول و قوانین اور اداروں کو اُبھارا جائے، اسے ایک مخالفانہ ماحول کی طرف سے ان پاکیزہ مقاصد کی سزا برابر ملتی رہی ہے - سزا کا ایک حصہ یہ پروپیگنڈا کہ جمعیت غنڈوں کا تشدد پسند گروہ ہے اور دوسرا حصہ یہ کہ انہیں کے آدمیوں کو مسلسل شہید اور زخمی کیا جاتا ہے اور مجرم اوّل تو پکڑے نہیں جاتے، نشان دہی ہو بھی تو حوالات میں رہ کے آ جاتے ہیں، سزا کسی کو نہیں ہوتی - یونیورسٹی سے طلبہ کو نکالا جاتا ہے تو جمعیت ہی کی بڑی تعداد کو نکالا جاتا ہے - جمعیت کی مظلومیت کا اندازہ اس سے کیجیے کہ ۷ ر نومبر ۱۹۸۶ء کی شام کو پنجاب میڈیکل کالج فیصل آباد میں اسلم فتیانہ کو گولیوں سے چھلنی کر دیا گیا، ۲۸ ر فروری ۱۹۸۸ء کو کنگ ایڈورڈ میڈیکل کالج لاہور جمعیت کے ناظم اور سال چہارم کے طالب علم زبیر خان بابر کے خون سے درو دیوار سرخ ہو گئے - ۱۵ ر مارچ ۱۹۸۸ء کو جمعیت کے رکن طارق جاوید کو شہید کر دیا گیا - اِن کا جرم؟ ان کے قاتل؟ ملزمان کی گرفتاریاں؟ تفتیش؟ سی آئی ڈی کہاں؟ پولیس؟ وزراء؟ محکمہ انصاف؟ احتساب؟ سیاسی جماعتیں؟ طلبہ کی جماعتیں؟ ذرائع ابلاغ؟ شہیدوں کی آخری نگاہوں نے تو یہی کچھ دیکھا ہو گا کہ سب کچھ ان کی مظلومانہ لہو کی لہروں میں ڈوب گیا -

یہ مصنوعی ڈراپ سین آخرت میں ختم ہو جائے گا اور بہت سے سیاہ چہرے نمایاں ہوں گے -

جس ملک میں ظلم کو اذنِ عام مل جائے، پھر اسے اس زندگی میں بھی فلاح و سعادت نہیں ملتی -

---

**ماہنامہ ہمدرد** | مدیر: حکیم محمد سعید - مقامِ اشاعت: ہمدرد مرکز، ناظم آباد کراچی ۱۸ -

قیمت: -/۴ روپے

اِس باتصویر رسالے کا سرورق جدید طریق تزئین سے آراستہ ہے - ۔۔۔ خوب ہے - طباعت ٹائپ کی - مضامین "آزادی میرا حق ہے"، "حوصلہ تازہ کی جستجو"، "آوازِ حق" "شرفِ انسانی"

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"روز وشب" اور "شذرات" کے عنوانات پر ہیں۔

دلچسپ چیز حکیم صاحب کا روزنامچہ (ڈائری) ہے۔ یہی سب سے طویل حصہ ہے اور یہی مختلف حقائق اور مشاہدات و تجربات کے جمع ہو جانے کی وجہ سے تنوع رکھتا ہے۔

حکیم صاحب! ٹائپ سے بات بنتی نہیں۔ اب تو نوری نستعلیق وغیرہ کا راستہ ہی اپنا لیجیے۔

---

**ماہنامہ تعلیمات** | ادارت: ایک وسیع مجلس مشاورت جس کے صدر ڈاکٹر محمد اقبال ظفر ہیں

قیمت فی شمارہ ۴/- روپیے۔ سالانہ ۴۰/- روپیے۔ دفتر: ادارہ تعلیم و تحقیق جامعہ پنجاب لاہور۔

اس رسالے کے مستقل مباحث میں ملک کا نظامِ تعلیم، فرائض معلمین، نصابی کتب، اسلام کے تعلیمی نظریات، مسلمانوں کے تعلیمی ادارات اور تجربات جیسے موضوع شامل ہیں۔

تعلیمی اداروں، اساتذہ اور طلبا اسے بالخصوص پڑھیں۔ اگرچہ اس کا دائرۂ افادہ وسیع ہے۔

---

**غلبۂ اسلام** | از جناب راشد شاذ۔ ناشر: انسٹی ٹیوٹ آف مسلم امۃ افیئرز، پی او بکس ۷۷ علی گڑھ ۲۰۲۰۰۱ - انڈیا۔ کاغذ سفید، کتابت و طباعت اچھی۔ سرورق دبیز رنگین۔ قیمت درج نہیں۔

راشد شاذ بہت ذہین نوجوان ہیں اور علی گڑھ یونیورسٹی کی آغوش میں ان کے ذوقِ نظر نے پرورش پائی ہے۔ اور پھر ان کو بھارت کے ماحول نے سوچ بچار کا ایک سانچہ فراہم کیا ہے وہ خوب سوچتے ہیں اور بے تکان پُر زور تحریریں لکھتے ہیں۔

ان کی کتاب پڑھ کر محسوس ہوا کہ اس وقت دنیا بھر میں بھی اور خصوصاً برصغیر میں احیائے اسلام کا ایک چرچا ہے اور کئی جماعتیں اور چھوٹے چھوٹے گروپ اور لئے بدلتے تصورات لے کے میدان میں آ گئے ہیں۔ شاذ صاحب ان میں محاکمہ کرنا چاہتے ہیں۔ مگر وہ جج ایسے سخت ہیں کہ ان

© rasailojaraid.com